© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**تیسیر القرآن** (جلد دوم) از مولانا عبدالرحمن کیلانی - ناشر: مکتبہ السلام سٹریٹ نمبر ۲۰، وسن پورہ، لاہور۔ صفحات ۶۶۳۔ قیمت: ۲۶۰ روپے۔

تیسیر القرآن کی جلد اول چند ماہ پہلے شائع ہوئی تھی [تبصرہ: جولائی ۲۰۰۰ء]۔ اب دوسری جلد منظر عام پر آئی ہے جو سورہ اعراف سے سورہ الکہف کے ترجمہ و تفسیر پر مشتمل ہے۔ یہ جلد بھی اسی (جلد اول کے) انداز و اسلوب پر ہے، جس کا ذکر ہم جلد اول پر تبصرے کے ضمن میں کر چکے ہیں۔

مولانا عبدالرحمن کیلانی نے تفسیر ہذا کو حیات مستعار کے آخری ۵ برسوں میں تحریر کیا تھا۔ زیر نظر دوسری جلد کے بعد مزید دو جلدوں میں تفسیر کی اشاعت مکمل ہو جائے گی۔ اس جلد کی اشاعت کو (جلد اول کے تجربے کی روشنی میں) بہتر انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ متن قرآن، مفسر مرحوم کا اپنا کتابت شدہ ہے۔ اور یہ وہی متن ہے جسے سعودی حکومت، بہترین نمونہ کتابت ہونے کی وجہ سے، چھپوا کر حجاج میں تقسیم کرتی ہے۔

اگرچہ پروفیسر نجیب الرحمن نے پیش لفظ میں زیر نظر تفسیر کو ''علمائے سلف کے طرز پر لکھی گئی تمام تفاسیر ماثورہ کی جامع پہلی مفصل تفسیر بالحدیث'' قرار دیا ہے لیکن یہ تفسیر کسی خاص گروہی یا فقہی مسلک سے وابستگی پر اصرار نہیں کرتی۔ مفسر مرحوم نے بڑے توازن سے کام لیا ہے اور سابقہ مفسرین سے استفادہ بھی کیا ہے جس کی جھلکیاں اس میں متعدد مقامات پر نظر آتی ہیں۔ مولانا عبدالوکیل علوی نے اس کے تفسیری حوالہ جات کی تخریج و تصحیح کی ہے۔

اس جلد کو بھی حسب سابق نہایت اہتمام کے ساتھ خوب صورت انداز میں اور اچھے طباعتی معیار پر پیش کیا گیا ہے۔ ترجمے اور تفسیر کی کتابت مشینی ہے (رفیع الدین ہاشمی)۔

**Quranic Studies: An Introduction** از ڈاکٹر اسرار احمد خاں۔ ناشر: فرمان اسلام میڈیا، ۶۸ جالان تنکو عبدالرحمن ۵۰۱۰۰، کوالالمپور، ملائیشیا۔ صفحات: ۳۷۳۔ قیمت: درج نہیں۔

© rasailojaraid.com

ڈاکٹر اسرار احمد خاں بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی ملائیشیا کے شعبہ قرآن و سنت سے وابستہ ہیں۔ ان